

رپورٹ: محمد جہانگیر

جامعہ کے لیل و نہار

جامعہ سلفیہ فیصل آباد میں تقریب تکمیل بخاری شریف کا آنکھوں دیکھا حال

نجات اور کامیابی کا واحد راستہ منہج نبوی کی پیروی ہے۔ جس کی صحیح ترجمانی امام بخاری نے فرمائی۔ (مولانا عبداللہ ناصر رحمانی)

حدیث اور خدمت کے ساتھ محدثین ظالم حکمرانوں کے سامنے کلمہ حق کہتے رہے۔ (مولانا محمد یونس)

دینی مدارس اور طلبہ کی خدمت بہت بڑا شرف ہے۔ مال کا بہترین مصرف قرآن حکیم کی خدمت ہے۔ (مولانا مسعود عالم)

۱۸ اگست بروز ہفتہ جامعہ سلفیہ فیصل آباد میں درس بخاری شریف کے موقعہ پر ایک عظیم الشان تقریب سعید منعقد ہوئی۔ جس کی صدارت مولانا عبدالعزیز علوی شیخ الحدیث جامعہ سلفیہ نے فرمائی۔ جبکہ بخاری شریف کی آخری حدیث پر پاکستان کے معروف عالم دین مولانا عبداللہ ناصر رحمانی نے عالمانہ فاضلانہ درس ارشاد فرمایا۔ انہوں نے جہاں علمی نکات بیان کیے وہاں لوگوں پر زور دیا کہ وہ آخرت کی فکر کریں۔ کیونکہ وہی حقیقی زندگی ہے۔ انہوں نے کہا قبولیت اعمال کے لیے تین بنیادی شرطیں ہیں۔ ''توحید باری تعالیٰ'' جس کے بغیر ہمارا ایمان مکمل نہیں ہوتا اور اخلاص فی العمل اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی مطلوب و مقصود ہو اور ریاکاری اور نمود نمائش سے مکمل اجتناب کیا جائے اور تیسری بات کہ عمل نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسوہ حسنہ کے مطابق ہو۔ نجات اور کامیابی کا واحد راستہ منہج نبوی کی پیروی ہے۔ امام بخاری نے اس کی صحیح ترجمانی فرمائی۔ انہوں نے مزید فرمایا کہ قیامت کے دن اعمال گنے نہیں جائیں گے۔ بلکہ تولے جائیں گے۔ کیونکہ مقصود عدد اور گنتی نہیں بلکہ اخلاص اور حسن نیت ہے اور اس کی بنیاد پر اس کا وزن ہوگا۔ انہوں نے دین کی ترویج کے لیے اہل ثروت کو مال خرچ کرنے کی ترغیب بھی دی اور فرمایا کہ اس سے بڑا عمل اور کوئی نہیں ہے۔

اس سے قبل جامعہ کے شیخ الحدیث مولانا محمد یونس نے محدثین کی خدمات پر سیر حاصل روشنی ڈالی اور فرمایا کہ محدثین حدیث کی خدمت کے ساتھ ساتھ ظالم حکمرانوں کے سامنے کلمہ حق بلند کرتے تھے اور کتاب وسنت سے آگاہ کرتے تھے۔ کسی کو جرأت نہیں ہوتی تھی کہ وہ شریعت کے ساتھ تضحیک آمیز سلوک کرے اور شعائر اسلام کا مذاق اڑائے (کیونکہ محدثین خود کردار کے پختہ اور عامل بالقرآن والسنہ تھے)۔ انہوں نے علماء پر زور دیا کہ وہ محدثین کے وارث ہیں۔ لہٰذا انہیں بھی آج ایسا ہی طرزِ عمل اختیار کرنا چاہیے اور حکمرانوں کی غلطیوں کی نشاندہی کرنی چاہیے اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ سرانجام دینا چاہیے۔

اس موقعہ پر شیخ التفسیر حافظ مسعود عالم نے اپنے خطاب میں مسلمانوں پر زور دیا کہ وقت آ گیا ہے کہ مسلمان اپنا اپنا

کردار ادا کریں اور اپنے مال و جان کے ساتھ قربانیاں پیش کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے اسلاف کاروبار ہی اس مقصد کے لیے کیا کرتے تھے کہ وہ اپنے مال کو دین کے لیے خرچ کر سکیں۔ لیکن آج حالات بدل گئے ہیں۔ لوگ اپنی راحت اور آسائش کے لیے کروڑوں خرچ کرتے ہیں۔ لیکن دین کے نام پر ان کی پیشانیوں پر شکنیں پڑ جاتی ہیں۔ مسلمانو! ہوش میں آؤ اور دین کے انصار بنو۔ دین کے مددگار بنو۔ دینی مدارس اور طلبہ کی خدمت بہت بڑا شرف ہے اور بہترین مال وہ ہے جو قرآن کی خدمت میں صرف ہو۔ اس کے بعد صدر جامعہ نے معزز مہمانوں اور تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا اور عہد کیا کہ ان کی زندگی، مال و عیال دین کے لیے وقف ہیں۔ اس کے بعد میاں نعیم الرحمان، حاجی عبدالرزاق، حاجی نذیر احمد انصاری، حاجی بشیر احمد، صوفی احمد دین، مولانا ارشاد الحق اثری اور حاجی محمد الیاس بھلہ نے فارغ التحصیل ہونے والے طلبہ کو قیمتی کتب اور پارچات تقسیم کیے اور شعبہ حفظ سے فارغ ہونے والے طلبہ نے بھی انعامات حاصل کیے۔ آخر میں شیخ الحدیث جامعہ سلفیہ حافظ عبدالعزیز علوی نے دعا فرمائی۔

جامعہ سلفیہ کی یہ مثالی تقریب بہت بارونق تھی۔ تمام انتظام بہت وسیع تھے۔ لوگوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ ٹھنڈے پانی اور سکیورٹی کا بہترین انتظام تھا۔ جبکہ بینرز سے پنڈال کو خوبصورتی سے سجایا گیا تھا۔ پروگرام کے بعد شرکاء کو عشائیہ پیش کیا گیا۔

لَا تَقْنَطُوا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ — مایوسیاں تو کفر ہیں لَا تَقْنَطُوا کے بعد

قمر کلینک

محقق، مصنف، حکیم
ڈاکٹر قمر احسان کماپلوری
فیملی فزیشن
ڈی۔ایچ۔ایم ایس ، ایف۔ٹی۔جے ، آر۔ایچ۔ایم۔پی

عورتوں، بچوں اور مردوں کے امراض جو لا علاج ہو چکے ہوں یا بار بار علاج کے باوجود ٹھیک نہ ہو رہے ہوں۔
ایک بار ضرور ملاقات کریں۔ ان شاء اللہ شفا ہو گی۔

Clinic: 056-3013684, Res: 056-2723624
Mob: 0321-7644976
قمر کلینک تھانہ روڈ نزد امام بارگاہ شاہکوٹ